DAWN
07 SEP 2013 Page No 9

# FTO to take up issue of zero-rating

By Parvaiz Ishfaq Rana

KARACHI, Sept 6: Federal Tax Ombudsman (FTO) Abdul Rauf Chaudhry said on Friday that the issue of zero rating for five export oriented industries would be taken up with the finance minister and chairman, Federal Board of Revenue (FBR).

The FTO observed that sales tax is imposed on local sales and not exports and if 90 per cent textile industry's production is exported, there was no reason to impose sales tax which has to be refunded later on.

Similarly, the FTO assured that the issue of non-payment of sales tax refunds on services collected by Sindh Revenue Board (SRB) would be resolved, but it has to be refunded by FBR on making internal adjustments.

It would also be taken up with the chairman FBR Tariq Bajwa.

The FTO was responding to many of the issues raised by exporters belonging to different segments of textile industry, including knitwear, hosiery, bedwear and cotton fashion apparel.

Abdul Rauf Chaudhry admitted that outstanding rebate and refund cases are rapidly increasing with FTO offices and he would be taking up the matter with FBR chairman in a meeting expected next Tuesday.

He agreed with the exporters that even on charging nominal sales tax of two per cent on zero-rated industries, it automatically raises the requirement of submitting full accounts with all necessary details.

The FTO was critical about the working of the revenue departments and said once the FTO decision on any single case pertaining to rebate or refund is made, it should be implemented across the board and there was no need to keep hearing similar cases.

After the Refund Payment Order (RPOs) is issued by the FTO office, he said this means that the decision has been made and the department has to make payment

Continued on Page 10

## FTO to take up...

Continued from Page 9

immediately. However, if no payment is made on getting RPOs, this means that exporter is bearing the entire cost for non-payment.

The textile being the largest industrial sector and foreign exchange earner should be allowed to work with full strength so that it could compete with Bangladesh, India and other regional countries.

The FTO felt that all irritants facing textile sector should be removed at the earliest so that country's exports could grow or else the trade gap would further widen and put more burden on foreign exchange reserves.

Chaudhry disclosed that 80 to 90 per cent cases handled by the FTO are decided in favour of textile industry.

However, he admitted that there was an urgent need to strengthen the implementation process so that cases decided by the FTO are award at the earliest by the concerned government departments.

Since there is a big rise in cases pertaining to taxes, the FTO offices would be opened up in Peshawar and Faisalabad and if the budget allows, another office would be set up in Multan.

Similarly, he said the number of advisors in Karachi and Lahore are being doubled so that cases are processed at a faster pace.

Heads of trade bodies who attended by the meeting included Cotton and Fashion Apparels, Pakistan Sweater and Knitwear Association, Pakistan Bedwear and Pakistan Hosiery Manufacturers.

Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37-H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

# Refund issue to be taken up with FBR, FTO tells PHMA team

RECORDER REPORT

KARACHI: The newly-appointed Federal Tax Ombudsman (FTO), Abdul Rauf Chaudhry on Friday assured textile exporters of taking up their pending tax refund and rebate cases with the FBR Chairman next week.

Replying to questions of textile manufacturers-cum-exporters during a meeting at PHMA House, the FTO said the Ombudsman Office is well aware of the problems of textile industries and will play its role to end their long-standing dispute with tax office.

"At a meeting next Tuesday, I will take up the textile sector's matters with the FBR Chairman. The non-implemented decisions are creating problems for the exporters," he added.

He observed that the rate of implementation on the FTO's decision is merely 30 percent, as a number of decided cases are still pending. He said the FTO has to ensure implementation on its decided cases to resolve matters.

Abdul Rauf Chaudhry apprised exporters that his office is going to expand services in a number of cities of the country to reach out to exporters and industry and provide them with an immediate solution to their problems.

He said the FTO is in process to post advisors in Karachi, Hyderabad, Sukkur, Quetta and Peshawar and elsewhere. The Ombudsman Office will make every possible effort to end textile sector's tax issues, he added.

The FTO is going to set up a separate office to see implementation on all its decided cases as the existing officials are under serious workload.

He observed that the export-oriented manufacturing sectors need growth and stability as new competitors have emerged especially Bangladesh on the global market, posing serious challenge to Pakistan's textile sector.

He said the country's trade gap is already widening while exports are under pressure. Bangladesh, being a non-cotton producing country, has increased its textile export to $25 billion with support of being least developed country, whereas Pakistan with all locally grown raw materials is far behind in the competition, he said.

The FTO hoped the law and order situation in the city will soon ease. With restoration of peace in the city, foreign buyers will restart visiting the city to place import orders, he said.

He said there are "irritants" which the government and the FTO will have to end jointly. He expressed surprise over the former government's move to tax the zero-rated export sectors.

He warned that a new provision has been inserted in the law to make defiance as contempt if the concerned department or official did not implement the FTO's decided cases.

Central Chairman Pakistan Hosiery Manufacturers and Exporters Association (PHMA), Muhammad Javed Bilwani informed the FTO about a number of tax issues which FBR is not solving.

He urged the FTO to ask the FBR to close down the "three windows" - refund, rebate and input taxes - to facilitate the export-oriented sectors and retain the zero-rated sectors status.

Certain exporters proposed setting up of a separate FTO for trade.

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

THE NEWS
07 SEP 2013

# FTO to resolve exporters' tax issues

By our correspondent

KARACHI: Federal Tax Ombudsman (FTO) Abdul Rauf Chaudhry has assured value-added textile exporters that he will address their tax-related issues when he meets the chairman of the Federal Board of Revenue (FBR).

Speaking at the Pakistan Hosiery Manufacturers Association (PHMA) headquarters, Chaudhry said an additional adviser is being appointed in Karachi and Lahore, while regional FTO offices are also being set up in Peshawar and Faisalabad to facilitate businessmen and exporters in view of rising tax-related complaints.

"The complaints of traders and exporters will be speedily addressed and tax officials indulging in red-tapism would be dealt accordingly," said the FTO.

He said the practice of halting all consignments of importers in case of a customs-related dispute is illogical practice as it results in heavy demurrage charges along with a slowdown in production activities.

"Tax officers have unlimited discretionary power that should be reduced, while action would be taken against those misusing their authority," Chaudhry said.

Javed Bilwani, chairman PHMA, said that more than 80 percent of complaints filed before FTO were related to tax refunds.

"Exporters need a system that can gets rid of the corrupt 'refund system' so that they can concentrate on increasing exports," he said.

37-H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ ہفتہ، 7 ستمبر 2013ء

# ریفنڈز کی عدم ادائیگی پر ٹیکس افسران کیخلاف کارروائی کا اعلان

## ٹیکس محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر توہین عدالت کی کارروائی ہوگی، رؤف چوہدری

## پی ایچ ایم اے اراکین سے خطاب، بدعنوان ریفنڈ نظام سے جان چھڑائی جائے، جاوید بلوانی

کراچی (بزنس رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب عبدالرؤف چوہدری نے کہا ہے کہ سیلز ٹیکس ریفنڈ کے تنازعات کا تصفیہ ہونے کے باوجود مقررہ 15 دن کی ڈیڈ لائن میں ریفنڈ کی عدم ادائیگی سے متعلق ایف ٹی او کو شکایات موصول ہوئی ہیں جن کا ازالہ چیئرمین ایف بی آر کے ساتھ مل کر کیا جائے گا، ادارہ وفاقی ٹیکس محتسب کے فیصلوں پر عمل درآمد نہ کرنے پر توہین عدالت کی شق موجود ہے جس کے رو سے فیصلے پر عمل نہ کرنے والے متعلقہ ٹیکس افسران کیخلاف کاروائی عمل میں لائی جائیگی، یہ بات انہوں نے جمعہ کو پاکستان ہوزری مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی ایچ ایم اے) کے اراکین سے خطاب میں کہی، پی ایچ ایم اے کے چیئرمین ایم جاوید بلوانی اور دیگر ٹیکسٹائل نمائندوں سلیم پاریکھ، نقی باڑی، خواجہ عثمان، رفیق گوڈیل، کامران چاندنہ، جنید ماکڈا نے ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کو درپیش ٹیکسوں سے متعلق مسائل پیش کیے۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے کہا کہ ادارہ وفاقی ٹیکس محتسب کا جج اور مشیران کراچی اور لاہور کے علاوہ دیگر شہروں میں جا کر تاجروں کے ٹیکسوں سے متعلق مقدمات کی سماعت کریں گے، انہوں نے کہا کہ محکمہ کسٹمز کی سطح پر کسی بھی تنازعے کی صورت میں متعلقہ کنسائنمنٹ کے ساتھ دیگر کنسائنمنٹ کو روکنا درست نہیں، وفاقی ٹیکس محتسب چیئرمین ایف بی آر سے مل کر اس بارے میں واضح احکامات جاری کرائیگا، انہوں نے کہا کہ ٹیکس افسران کو حاصل صوابدیدی اختیارات کم سے کم ہونے چاہئیں اور وہ متعلقہ ٹیکس افسران کے خلاف صوابدیدی اختیارات کے غلط استعمال پر سخت ایکشن لیں گے۔ پی ایچ ایم اے کے چیئرمین جاوید بلوانی نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب میں 80 فیصد کیسز ریفنڈ کے دائر ہوتے ہیں، برآمد کنندگان کوئی ایسا نظام چاہتے ہیں جس سے بدعنوانیوں پر مشتمل ریفنڈ نظام سے ان کی جان چھوٹ جائے اور وہ یکسوئی کے ساتھ ملکی برآمدات میں اضافے کے لیے اپنا کردار ادا کرسکیں، اس موقع پر ایف ٹی او کے مشیر جسٹس (ر) نادر خان اور مشیر منظور حسین قریشی بھی موجود تھے۔

روزنامہ بیوپار کراچی (3) 7 ستمبر 2013ء

# فیصلوں پر عملدرآمد کرانے میں ایف ٹی او بے بس نہیں، عبدالرؤف چوہدری

## وفاقی ٹیکس محتسب دفتر میں تاجروں کے ٹیکسوں سے متعلق مسائل کے سلسلے میں تیز رفتاری سے فیصلے کیے جائینگے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب عبدالرؤف چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی ٹیکس محتسب دفتر میں تاجروں کے ٹیکسوں سے متعلق مسائل کے سلسلے میں نہ صرف تیز رفتاری سے فیصلے کیے جائیں گے بلکہ ان پر عمل درآمد بھی کرایا جائے گا، فیصلوں پر عملدرآمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

### بقیہ عبدالرؤف چوہدری 11

کرانے میں ایف ٹی او بے بس نہیں، فیصلوں پر عمل درآمد نہ ہونے پر توہین عدالت کی شق موجود ہے جس کے تحت فیصلے پر عمل نہ کرنے والے متعلقہ ٹیکس افسران کے خلاف کارروائی کی جائے گی اور انہیں توہین عدالت کے زمرے میں لاکر جیل بھیجا جاسکتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کو پاکستان ہوزری مینوفیکچررز ایسوی ایشن (پی ایچ ایم اے) میں ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر سے وابستہ ایوی ایشنز کے نمائندوں سے بات چیت کے دوران کیا۔ اس موقع پر جاوید بلوانی، نقی باڑی، خواجہ عثمان، رفیق گوڈیل، سلیم پاریکھ، جنید ماکڈا اور دیگر نے بھی اظہار خیال کیا اور ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے ایکسپورٹرز کو درپیش مسائل بیان کئے جبکہ اس موقع پر ایف ٹی او کے مشیر جسٹس (ر) نادر خان اور مشیر منظور حسین قریشی بھی موجود تھے۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے کہا کہ ملکی برآمدات میں ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی بہت اہمیت ہے، وفاقی ٹیکس محتسب کا دفتر ان کے سیلز ٹیکس ریفنڈ سمیت دیگر ٹیکسوں کی شکایات اور مسائل حل کرانے کی بھرپور کوشش کریگا اور وہ اس سلسلے میں عنقریب چیئرمین ایف بی آر طارق باجوہ سے بھی ملاقات کریں گے اور ایسے فیصلے کئے جائیں گے جس سے ایکسپورٹرز اور بزنس مین کو ریلیف مل سکے۔ عبدالرؤف چوہدری نے کہا کہ ٹیکسوں کی شکایات کی تعداد میں غیر معمولی اضافے کے باعث کراچی اور لاہور میں ایک ایک اور مشیر کی تقرری کی جارہی ہے جبکہ تاجر و صنعتکاروں کی سہولت کی غرض سے پشاور اور فیصل آباد میں وفاقی ٹیکس محتسب کا علاقائی دفتر بھی قائم کیے جارہے ہیں، بجٹ میں اضافے کے بعد ملتان میں بھی ایف ٹی او کا ایک علاقائی دفتر قائم کیا جائے گا، وفاقی ٹیکس محتسب کا جج اور مشیران کراچی لاہور کے علاوہ دیگر شہروں میں جاکر تاجروں کے ٹیکسوں سے متعلق مقدمات پر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب کا قیام 2001 میں عمل میں لایا گیا تھا اور سابق وفاقی ٹیکس محتسب شعیب سڈل نے نہ صرف تاریخی فیصلے کیے بلکہ ان پر عمل درآمد بھی کرایا، سب سے اہم بات یہ ہے کہ شعیب سڈل نے مہینوں کے فیصلے ہفتوں اور دنوں میں کیے جس سے تاجر برادری کو ریلیف حاصل ہوا۔ وفاقی ٹیکس محتسب کا کہنا تھا کہ کسٹمز کی سطح پر کسی بھی تنازعے کی صورت میں متعلقہ کنسائنمنٹ کے ساتھ دیگر کنسائنمنٹ نہیں روکی جانی چاہیے کیونکہ اس سے درآمد کنندگان کو نہ صرف ڈیمریجز کی صورت میں نقصان پہنچتا ہے بلکہ متعلقہ صنعتی شعبے کی پیداواری سرگرمیاں بھی رک جاتی ہیں اس بارے میں بھی وفاقی ٹیکس محتسب چیئرمین ایف بی آر سے ملکر واضح احکامات جاری کروائے گا، ٹیکس افسران کو حاصل صوابدیدی اختیارات کم سے کم ہونے چاہیے اور وہ متعلقہ ٹیکس افسران کے خلاف صوابدیدی اختیارات کے غلط استعمال پر سخت ایکشن لیں گے، سیلز ٹیکس ریفنڈ کے تنازعات کا تصفیہ ہونے کے باوجود مقررہ 15 دن کی ڈیڈ لائن میں ریفنڈ کی عدم ادائیگی سے متعلق ایف ٹی او دفتر کو شکایات موصول ہوئی ہیں جس کا ازالہ کرایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت کو بنا بنایا بجٹ ملا ہے جس میں پانچ برآمدی شعبوں پر 2 فیصد سیلز ٹیکس عائد کیا گیا تھا، سیلز ٹیکس 2 فیصد ہو یا 16 فیصد برآمد کنندگان کو حساب کتاب رکھنے کے سلسلے میں نہ صرف مشکلات درپیش ہیں بلکہ سیلز ٹیکس ریفنڈ کے سلسلے میں بھی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، انہوں نے کہا کہ 2 فیصد سیلز ٹیکس مصنوعات کی مقامی فروخت کے باعث عائد کیا گیا ہے جو 10 فیصد سے زیادہ نہیں ہے، 10 فیصد فروخت پر سیلز ٹیکس عائد کرکے 90 فیصد برآمدات کو مشکل میں ڈالنا درست نہیں ہے لہٰذا اس بارے میں بھی وفاقی ٹیکس محتسب چیئرمین ایف بی آر سے ملکر برآمد کنندگان کو ریلیف دلوائے گا، پی ایچ ایم اے کے چیئرمین جاوید بلوانی نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب میں 80 فیصد کیسز ریفنڈ کے دائر ہوتے ہیں برآمد کنندگان کوئی ایسا نظام چاہتے ہیں جس سے بدعنوانیوں پر مشتمل ریفنڈ نظام سے انکی جان چھوٹ جائے اور وہ یکسوئی کے ساتھ ملکی برآمدات میں اضافے کے لیے اپنا کردار ادا کرسکیں۔ جنید ماکڈا نے کہا کہ ری بیٹ کے ساتھ ٹیکس سے متعلق مسائل بھی حل کرائے جائیں۔

روزنامہ جنگ کراچی ہفتہ 7 ستمبر 2013ء

# تاجروں کی سہولت کیلئے وفاقی ٹیکس محتسب کے علاقائی دفاتر قائم کیے جائینگے

## ایف بی آر سے مل کر برآمد کنندگان کو ریلیف دلوائیں گے، ہوزری مینوفیکچرز ایسوسی ایشن کے اراکین سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب عبدالروٴف چوہدری نے کہا ہے کہ ملکی برآمدات میں ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی بہت اہمیت ہے وفاقی ٹیکس محتسب کا دفتر ان کے سیلز ٹیکس ریفنڈ سمیت دیگر ٹیکسوں کی شکایات اور مسائل حل کرانے کی بھرپور کوشش کریگا اور وہ اس سلسلے میں عنقریب چیئرمین ایف بی آر طارق باجوہ سے بھی ملاقات کریں گے، یہ بات انہوں نے پاکستان ہوزری مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی ایچ ایم اے) کے اراکین سے خطاب کرتے ہوئے کہی، پی ایچ ایم اے کے چیئرمین ایم جاوید بلوانی اور دیگر ٹیکسٹائل نمائندوں سلیم پاریکھ، نقی باڑی، خواجہ عثمان، رفیق گوڈیل، کامران چاندنہ، جنید ماکڈا نے ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کو درپیش ٹیکسوں سے متعلق مسائل پیش کیے، وفاقی ٹیکس محتسب نے کہا کہ ٹیکسوں کی شکایات کی تعداد میں غیر معمولی اضافے کے باعث کراچی اور لاہور میں ایک ایک اور مشیر کی تقرری کی جارہی ہے جبکہ تاجر و صنعتکاروں کی سہولت کی غرض سے پشاور اور فیصل آباد میں وفاقی ٹیکس محتسب کے علاقائی دفاتر بھی قائم کیے جارہے ہیں، بجٹ میں اضافے کے بعد ملتان میں بھی ایف ٹی او کا ایک علاقائی دفتر قائم کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب کا قیام 2001 میں عمل میں لایا گیا تھا اور سابق وفاقی ٹیکس محتسب شعیب سڈل نے نہ صرف تاریخی فیصلے کیے بلکہ ان پر عمل درآمد بھی کرایا، سب سے اہم بات یہ ہے کہ شعیب سڈل نے مہینوں کے فیصلے ہفتوں اور دنوں میں کیے جس سے تاجر برادری کو ریلیف حاصل ہوا، انہوں نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب دفتر میں تاجروں کے ٹیکسوں سے متعلق مسائل کے سلسلے میں نہ صرف تیز رفتاری سے فیصلے کیے جائیں گے بلکہ ان پر عمل درآمد بھی کرایا جائے گا، انہوں نے کہا کہ فیصلوں پر عمل درآمد نہ ہونے پر توہین عدالت کی شق موجود ہے جس کے تحت فیصلے پر عمل نہ کرنے والے متعلقہ ٹیکس افسران کے خلاف کاروائی کی جائے گی، انہوں نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب کے جج اور مشیران کراچی لاہور کے علاوہ دیگر شہروں میں جاکر تاجروں کے ٹیکسوں سے متعلق مقدمات پر کام کریں گے، انہوں نے کہا کہ کسٹمز کی سطح پر کسی بھی تنازعے کی صورت میں متعلقہ کنسائمنٹ کے ساتھ دیگر کنسائمنٹ نہیں روکی جانی چاہئے کیونکہ اس سے درآمد کنندگان کو نہ صرف ڈیمریجز کی صورت میں نقصان پہنچتا ہے بلکہ متعلقہ صنعتی شعبے کی پیداواری سرگرمیاں بھی رک جاتی ہیں اس بارے میں بھی وفاقی ٹیکس محتسب چیئرمین ایف بی آر سے ملکر واضح احکامات جاری کروائے گا، انہوں نے کہا کہ ٹیکس افسران کو حاصل صوابدیدی اختیارات کم سے کم ہونے چاہییں اور وہ متعلقہ ٹیکس افسران کے خلاف صوابدیدی اختیارات کے غلط استعمال پر سخت ایکشن لیں گے، انہوں نے کہا کہ سیلز ٹیکس ریفنڈ کے تنازعات کا تصفیہ ہونے کے باوجود مقررہ 15 دن کی ڈیڈ لائن میں ریفنڈ کی عدم ادائیگی سے متعلق ایف ٹی او دفتر کو شکایات موصول ہوئی ہیں جس کا ازالہ کرایا جائے گا، انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو بنا بنایا بجٹ ملا ہے جس میں پانچ برآمدی شعبوں پر 2 فیصد سیلز ٹیکس عائد کیا گیا تھا، سیلز ٹیکس 2 فیصد ہو یا 16 فیصد برآمد کنندگان کو حساب کتاب رکھنے کے سلسلے میں نہ صرف مشکلات درپیش ہیں بلکہ سیلز ٹیکس ریفنڈ کے سلسلے میں بھی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، انہوں نے کہا کہ 2 فیصد سیلز ٹیکس مصنوعات کی مقامی فروخت کے باعث عائد کیا گیا ہے جو 10 فیصد سے زیادہ نہیں ہے، 10 فیصد فروخت پر سیلز ٹیکس عائد کرکے 90 فیصد برآمدات کو مشکل میں ڈالنا درست نہیں ہے لہٰذا اس بارے میں بھی وفاقی ٹیکس محتسب چیئرمین ایف بی آر سے ملکر برآمد کنندگان کو ریلیف دلوائے گا، پی ایچ ایم اے کے چیئرمین جاوید بلوانی نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب میں 80 فیصد کیسز ریفنڈ کے دائر ہوتے ہیں برآمد کنندگان کوئی ایسا نظام چاہتے ہیں جس سے بدعنوانیوں پر مشتمل ریفنڈ نظام سے انکی جان چھوٹ جائے اور وہ یکسوئی کے ساتھ ملکی برآمدات میں اضافے کے لیے اپنا کردار ادا کرسکیں، اس موقع پر ایف ٹی او کے مشیر جسٹس (ر) نادر خان اور مشیر منظور حسین قریشی بھی موجود تھے۔